انکوائری اور عرضیاں دائر کرنے کی گنجائش پر سماعت سے متعلق FAQs

جو معلومات آپ تلاش کر رہے ہیں وہ اگر اس صفحہ پر نہیں ہیں، یا اگر آپ کا کوئی دیگر سوال ہو تو، براہ کرم coronial.response@justice.govt.nz پر ای میل کر کے یا 0800 88 88 20 پر فون کر کے کارونیل سروسز سے رابطہ کریں۔

اس صفحہ پر آپ کو انکوائری اور عرضیاں دائر کرنے کی گنجائش پر دسمبر میں ہونے والی سماعت کے بارے کچھ اکثر پوچھے گئے سوالات (FAQs) کے جوابات ملیں گے۔

یہ FAQs درج ذیل پر محیط ہیں:

- انکوائری کی گنجائش پر سماعت۔
- عرضی دائر کرنا

سماعت کے بارے میں

اگر میں بذات خود حاضر ہونا یا فاصلاتی طور پر سماعت دیکھنا چاہتا ہوں تو مجھے کیا کرنا ہے؟

اگر آپ بذات خود حاضر ہونے یا فاصلاتی طور پر دیکھنے کے لیے پہلے رجسٹر کر چکے ہیں تو، آپ کو کچھ بھی کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

اگر آپ نے رجسٹر نہیں کیا ہے تو آپ یہ کام یہاں کر سکتے ہیں: https://consultations.justice.govt.nz/comms/1a09bc2b/

آپ کو 23 دسمبر 2021 تک رجسٹر کرنا ہوگا۔

کیا میں سماعت کو آن لائن دیکھ سکتا ہوں؟

ہاں، لیکن آپ کو 23 دسمبر 2021 تک رجسٹر کرنا ضروری ہے۔

فاصلاتی طور پر دیکھنے کے طریقے سے متعلق تفصیلات سماعت کی تاریخ قریب آنے پر دستیاب کرائی جائیں گی۔

کیا سماعت کی ترجمانی کی جائے گی؟

نہیں۔

لیکن، اگر آپ سماعت میں بذات خود حاضر ہو رہے ہیں اور آپ کو سماعت کے وقت اپنے وکیل یا عدالت کے عملہ سے مواصلت کرنے کے لیے ترجمان کی اعانت مطلوب ہو تو، آپ کی اعانت کرنے کے لیے ہم ترجمان دستیاب رکھیں گے۔ اگر آپ کا خیال ہے کہ آپ کو اعانت درکار ہو سکتی ہے تو، براہ کرم حاضر ہونے/فاصلاتی طور پر سماعت دیکھنے کے لیے رجسٹریشن فارم پُر کرتے وقت یا coronial.response@justice.govt.nz پر ای میل کر کے یہ بات بتا دیں۔

اگر میں کرائسٹ چرچ سے باہر کسی مقام پر ہوں تو کیا ہوگا؟ کیا مجھے سماعت میں حاضر ہونے کے لیے فنڈنگ ملے گی؟

22-24 فروری 2022 کو ہونے والی سماعت میں لوگوں کی حاضری کے لیے جو فنڈنگ دستیاب ہے اس کی تفصیلات پر فی الحال کام ہو رہا ہے۔ اس پر فیصلہ ہونے کے ساتھ ہی ہم آپ کو بتا دیں گے۔

سفارش کی جاتی ہے کہ آپ حاضر ہونے کی اپنی دلچسپی رجسٹر کریں چاہے یہ فیصلہ دستیاب فنڈنگ پر منحصر ہے۔

کیا میں اپنے ساتھ امدادی لوگوں کو لا سکتا ہوں؟

ہاں، لیکن صرف جگہ دستیاب ہونے پر۔

سماعت میں کتنا وقت لگے گا؟

سماعت میں تین دن کا وقت لگنے کی توقع ہے اور یہ عدالت کی معمول کی ساعتوں کے مطابق چلے گی (10 بجے صبح تا 5 بجے شام نیز بیچ میں وقفہ ہوگا)۔

عرضی دائر کرنا

عرضیاں کون دائر کر سکتا ہے؟

صرف شہید کی فیملیز اور دلچسپی رکھنے والے دیگر فریق عرضیاں دائر کر سکتے ہیں۔ ان کا وکیل ان کی جانب سے عرضیاں دائر کر سکتا ہے۔

میں تحریری عرضیاں کیسے دائر کروں؟

آپ چیف کارونر کی روداد میں بیان کردہ انکوائری کی مجوزہ گنجائش کو مخاطب کرتے ہوئے تحریری عرضی دائر کر سکتے ہیں۔ آپ روددا کے جن حصوں سے، اور جس وجہ سے اختلاف کرتے ہیں ان کے بارے میں اپنی دلیل دے سکتے ہیں۔

تحریری قانونی عرضیاں پیچیدہ عمل ہو سکتی ہیں اور ان کے لیے قانونی جانکاری اور متعلقہ کیس لاء کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر آپ کے پاس وکیل ہے تو، سفارش کی جاتی ہے کہ آپ اپنی جانب سے اپنے وکیل سے عرضی دائر کرنے کو کہیں۔

تحریری عرضیاں coronial.response@justice.govt.nz پر **4 فروری2022** تک بھیج دی جائیں۔

تحریری عرضیوں کی آخری تاریخ کیا ہے؟

دلچسپی رکھنے والے فریقوں کی طرف سے تمام تحریری عرضیاں **4 فروری 2022 کو 5:00 بجے شام** تک لازماً موصول ہو جائیں۔

اگر میں تحریری عرضی دائر کرتا ہوں تو کیا مجھے سماعت میں حاضر ہونا ضروری ہے؟

نہیں۔

کارونر Windley موصولہ تمام تحریری عرضیوں پر اچھی طرح غور کریں گی چاہے آپ یا آپ کے وکیل سماعت میں آئیں یا نہ آئیں۔

کیا تحریری عرضیاں کسی خاص فارمیٹ میں ہونا ضروری ہے؟

اگر آپ کا وکیل آپ کے لیے تحریری عرضی دائر کر رہا ہے تو عرضی ایک معیاری قانونی عرضی کے فارمیٹ پر ہوگی۔

اگر آپ خود اپنی عرضی دائر کر رہے ہیں تو آپ وہ عرضی Word یا PDF ڈاکومنٹ میں یا ای میل کے نفس مضمون میں فراہم کر سکتے ہیں۔

تحریری عرضیوں میں روداد کے اس حصے کی واضح طور پر نشاندہی ہونی چاہیے جس سے عرضی کا تعلق ہے۔ مثلاً، کیا اس کا تعلق:

- کارونرز ایکٹ، یا کیس لاء کی تعبیر سے ہے؛
- چیف کارونر کے طریقے کی رہنمائی کرنے والی روداد کے پیراگراف 67 میں شناخت کردہ ملاحظات سے ہے؛
- ضمیمہ A میں تلخیص کردہ کسی خاص امر کے جواب سے ہے۔

کیا میں زبانی عرضی دائر کر سکتا ہوں؟

ہاں۔

ہماری سفارش ہے کہ آپ کا وکیل آپ کے لیے یہ کام کرے۔

اگر آپ کے پاس وکیل نہیں ہے اور اپنی جانب سے زبانی عرضی دائر کرنا چاہتے ہیں تو، براہ کرم coronial.response@justice.govt.nz پر ایک ای میل بھیج کر کارونیل سروسز کو بتائیں۔ آپ جو تحریری عرضی دائر کرنا چاہتے ہیں اس کا ایک **تحریری آؤٹ لائن** بھی **4 فروری 2022** تک فراہم کرنا ہوگا۔

اگر میرے پاس پہلے سے ایک وکیل ہے جو میری جانب سے تحریری عرضی دائر کر رہا ہے تو کیا میں سماعت میں بول سکتا ہوں؟

اگر آپ کے پاس آپ کی جانب سے کام کرنے والا وکیل ہے تو وہ سماعت میں زبانی عرضی دائر کر سکیں گے۔ عام طور پر، دلچسپی رکھنے والے فریق بذات خود زبانی عرضی بھی دائر نہیں کریں گے۔

تاہم، اگر خاص حالات ہوں تو کارونر Windley اس کی اجازت دینے پر غور کریں گی۔ ایسا شاذ و نادر ہوگا۔ اگر آپ یہ کام کرنا چاہتے ہوں تو آپ کو سب سے پہلے اپنے وکیل سے اس پر گفتگو کرنی چاہیے۔

اگر میرے پاس وکیل نہیں ہے تو میں سماعت میں بذات خود عرضی کس طرح دائر کروں؟

اگر آپ کے پاس وکیل نہیں ہے تو آپ اپنی جانب سے زبانی عرضی دائر کر سکتے ہیں۔ آپ جو تحریری عرضی دائر کرنا چاہتے ہیں اس کا ایک **تحریری آؤٹ لائن** بھی **4 فروری 2022** تک فراہم کرنا ہوگا۔

سماعت میں زبانی عرضی دائر کرنے کی تیاری کرنے کے لیے ہماری تجویز ہے کہ آپ:

- اس بارے میں وضاحت اختیار کریں کہ چیف کارونر نے روداد میں جو کچھ کہا ہے اس کے مدنظر انکوائری میں کوئی چیز کیوں شامل کی جانی چاہیے۔
- آپ جو اہم باتیں بتانا چاہتے ہوں انہیں تحریر کر لیں۔ آپ اسے سماعت میں بہ آواز بلند پڑھ سکتے ہیں۔
- آپ جو کچھ کہنے والے ہیں اس کی مشق کریں۔ اس سے آپ کو یہ یقینی بنانے میں مدد ملے گی کہ یہ واضح اور منطقی ہے۔

سماعت میں، کارونر Windley آپ کے بولنے کی باری آنے پر آپ کو بتائیں گی۔ یہ کام امکانی طور پر تمام وکلاء کی عرضیاں ان کے پیش کر دینے کے بعد ہوگا۔

کیا میں پیشگی اطلاع کے بغیر بذات خود زبانی عرضی دائر کر سکتا ہوں؟

نہیں۔

کیا زبانی عرضیوں کے لیے کوئی شیڈول یا وقت کی حد ہوگی؟

سماعت میں کون فرد پیش کر رہا ہے اس کا ایک شیڈول ہوگا۔ یہ بات اہم ہے کہ سماعت میں جو لوگ اپنی بات سنانا چاہتے ہیں ان سبھی کو اپنی بات سنانے کا موقع ملے۔

ہمیں یہ معلوم ہو جانے پر کہ کتنے فریق زبانی عرضیاں دائر کر رہے ہیں، کارونر Windley اس بات پر غور کریں گی کہ آیا ہر مقرر کے لیے وقت کی حد ضروری ہوگی۔

زبانی عرضیوں میں ہر اس چیز کا احاطہ کرنا ضروری نہیں ہے جو تحریری عرضیوں میں بیان کیا گیا ہے لیکن اس میں اہم پوائنٹس کا احاطہ ہونا چاہیے۔

کیا لوگ پیشگی ریکارڈ کردہ زبانی عرضیاں فراہم کر سکتے ہیں؟

نہیں۔

کیا عرضیاں دوسری زبان میں دائر کی جا سکتی ہیں؟

ترجیحی امر یہ ہے کہ عرضیاں نیوزی لینڈ کی باضابطہ زبانوں: te reo ماؤری، انگریزی، یا نیوزی لینڈ کی اشاراتی زبان میں دائر کی جائیں۔

اگر آپ کی تحریری عرضی انگریزی میں نہیں ہے تو آپ پر لازم ہے کہ قانونی طور پر درست ترجمہ شدہ ورژن انگریزی میں اسی وقت بھی فراہم کریں۔

اگر آپ انگریزی کے علاوہ زبان میں کوئی تحریری عرضی دائر کر رہے ہیں تو آپ کو ہمیں بتانا ہوگا تاکہ ہم سماعت میں حاضر رہنے کے لیے ایک ترجمان کا انتظام کر سکیں۔ آپ کو انگریزی میں اپنی عرضی کا ایک تحریری آؤٹ لائن بھی فراہم کرنا ضروری ہے۔

کیا کارونر Windley سماعت ختم ہونے سے پہلے اس گنجائش پر اپنے فیصلے کا اعلان کریں گی؟

اس کا امکان نہیں ہے۔ زیادہ امکان اس بات کا ہے کہ کارونر Windley سماعت کے بعد، تمام تحریری عرضیوں اور سماعت میں پیش کردہ عرضیوں پر غور کرنے کے بعد کسی وقت فیصلے کا اعلان کریں گی۔